Education - 10th Class Education Urdu Medium Short Question Preparations

Q1. ہم نصابی سرگرمیوں کو کس طرح منظم کیا جاتاہے.

Ans 1: ہم نصابی سرگرمیوں کے لیے علیحدہ وقت اور باقاعدہ منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے. اس لیے ان سرگرمیوں کو مدرسہ میں نصاب کے پروگرام کے ساتھ ساتھ اور علیحدہ منظم کرنا ضروری ہے.

Q2. تعلیم کے مقاصد کا تعین کون کرتا ہے.

Ans 1: تعلیمی مقاصد کا تعین حکومت کرتی ہے.

Q3. سرگرمی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: وہ فعالیت یا کام جو کوئی فرد کسی محرک کے زیر اثر انجام دے سرگرمی کہلاتا ہے.

Q4. تاثراتی انداز سے کیا مراد ہے.

Ans 1: تاثراتی پہلو کا تعلق طلبہ کی عادات اور رویوں سے ہے اور اس سے ان کی عادات اور کردار کو بہتر طریقے سے پرکھنے کا موقع ملتا ہے.

Q5. تعلیم کے قدیم اور جدید مفہوم کی وجہ سے رہنمائی کے تصور میں کیا تبدیلی واقع ہوئی ہے.

Ans 1: تعلیم کے قدیم اور جدید مفہوم میں جو فرق آیا ہے اس کے مطابق رہنمائی کے تصور میں بھی وسعت پیدا ہوگئی ہے.

Q6. طلبا کا تعلیمی جائزہ لینے کےلیے کون سا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے.

Ans 1: طلباء کا تعلیمی جائزہ لینے کے تعلیمی اداروں میں امتحانات کا نظام رائج ہے. جس کے تحت طے شدہ وقفوں سے امتحانات منعقد کرکے طلبہ کو حاصل کردہ معلومات اور مہارتوں کا جائزہ لیا جاتا ہے.

Q7. نصاب کا جدید تصور بیان کریں.

Ans 1: وہ ساری آموزش جو مدرسہ کی منصوبہ بندی کے تحت حاصل ہو خواہ وہ انفرادی شکل میں ہو یا گروہی شکل مین خواہ مدرسہ کے اندر ہو یا مدرسہ کے باہر ہو نصاب کا حصہ ہوتی ہے.

Q8. طالب علم کے کردار کے دو نمایاں پہلو بیان کریں.

Ans 1: 1- جسمانی نشوونما 2- ذہنی نشوونما 3- جذباتی نشوونما

Q9. صوبائی کمیٹیاں کیا کام سر انجام دیتی ہیں.

Ans 1: صوبائی کمیٹیاں کری کولم ونگ کی ہدایات کی روشنی میں ڈرافٹ تیار کرتی ہیں. اور اپنی سفارشات وزارت تعلیم کو بھیج دیتی ہیں.

Q10. پاکستان میں مختلف اوقات میں بننے والی مختلف تعلمی پالیسیوں میں اسلامی نظریہ حیات کو کس حد تک مد نظر رکھا گیا ہے.

Ans 1: پاکستان کی ہر تعلیمی پالیسی میں اس بات کو واضح کیا گیا ہے کہ طلبہ اسلامی نظریہ حیات کے سنہری اصولوں پر عمل کریں گے تاکہ وہ ایک زمہ دار اور تعلیم یافتہ شہری کی حیثیت سے مثالی افکارہ کردار کا مظاہرہ کرسکیں.

Q11. کلب اور سوسائیٹیوں طلبہ کو کیا فائدہ پہنچاتی ہیں.

Ans 1: کلب اور سوسائیٹیوں طلبہ میں بہت سے جذبات اور صلاحیتوں کو مثبت انداز میں پروان چڑھانے کا سبب بنتی ہیں.

Q12. طلبہ کے مشکلات ومسائل کتنی قسم کے ہوسکتے ہیں.

Ans 1: 1- تعلیمی و تدریسی مسائل 2- معاشرتی مسائل 3- معاشی مسائل 4- پیشہ ورانہ مسائل 5- ذاتی و نفسیاتی مسائل

Q13. پاکستان کی پہلی تعلیمی کانفرنس کب منعقد ہوئی.

Ans 1: پاکستان کی پہلی تعلیمی کانفرنس 1947 میں منعقد ہوئی.

Q14. بزم ادب کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا فائدہ ہوتاہے.

Ans 1: بزم ادب ہفتہ وار ایک تعلیمی اور تفریحی پروگرام ہے جو بچوں کے اندر چھپی ہوئی صلاحیتوں کو اجاگر کرتا ہے.

Q15. پاکستان میں بننے والی مختلف تعلیمی پالیسیوں میں نصاب اور درسی کتاب کے بارے میں کیا تذکرہ کیا ہے

Ans 1: پاکستان میں بننے والی مختلف تعلیمی پالیسیوں میں اس بات کو بھی شامل کیا گیا ہے. کہ ان کے زریعےنصاب اور درسی کتب کو از سر نو مرتب کیا جائے گا.

Q16. مدرسہ کے اندرونی ماحول سے کیا مرا دہے.

Ans 1: مدرسہ کے اندرونی ماحول سے مراد مدرستہ کی عمارت کا موثر ہوتا ہے. مدرسہ میں موجود سہولتیں بہتر ہوں مدرسہ میں موجود انسانی وسائل مثلا اساتذہ قابل اور محنتی ہیں. مدرسہ میں سازوسامان مناسب ہو.

Q17. بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زمہ کیا کام ہے.

Ans 1: بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن تحتمی نصاب کی روشنی میں امتحانات کا انعقاد کرتے ہیں اور طلبا و طالبات کو سیکنڈری سکول سرٹیفیکیٹ اور انٹرمیڈیٹ جاری کرتے ہیں.

Q18. قومی نصاب کمیٹی کیا کام سر انجام دیتی ہے.

Ans 1: قومی نصاب کمیٹی کری کولم ونگ کی ہدایات کی روشنی میں ڈرافٹ تیار کرتی ہے. اور اپنی سفارشات وزارت تعلیم کو بیھج دیتی ہیں.

Q19. نصاب کے جزوی جائزہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ہر باب کے اختتام پر اس کے نفس مضمون کو مقاصد اور طریقہ تدریس کی روشنی میں پرکھا جاتا ہے- کمرہ جماعت میں دوران تدریس معلم طلبہ کی تحصیل اور اپنی کارکردگی کا جائزہ لینات رہتا ہے یہ جزوی جائزہ کہلاتا ہے.

Q20. ہم نصابی سرگرمیوں میں شرکت کرنے والے طلبا کے کوئی دو اوصاف بیان کریں.

Ans 1: 1- صحت و صفائی کے اصولوں کا اطلاق 2- جسمانی حرکات و توانائی کا تناسب انداز میں استعمال